مگر تمہاری طرح کی اُمتیں ہیں، ہم نے اپنی کتاب میں

مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ

کوئی چیز | پھر | طرف اپنے رب کی | وہ اکٹھے کیے جائیں گے | اور جن لوگوں نے

کوئی چیز نہیں چھوڑی، پھر یہ اپنے رب ہی کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔(38) اور جن لوگوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ط مَنْ

جھٹلایا | ہماری آیات کو | بہرے ہیں | اور گونگے ہیں | اندھیروں میں ہیں | جس کو

ہماری آیات کو جھٹلایا وہ بہرے، گونگے، اندھیروں میں پڑے ہیں،

يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ط وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ

چاہتا ہے | اللہ تعالیٰ | بھٹکا دیتا ہے اس کو | اور جس کو | وہ چاہتا ہے | وہ چلا دیتا ہے اُس کو

اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بھٹکا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٣٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ

راستے پر | سیدھے | آپ کہہ دیں | کیا خیال ہے تمہارا | اگر | آجاتا ہے تم پر

سیدھے راستے پر چلا دیتا ہے۔(39) آپ کہہ دیں تمہارا کیا خیال ہے اگر تم پر

عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ

عذاب | اللہ تعالیٰ کا | یا | آجاتی ہے تم پر | قیامت | کیا سوائے | اللہ تعالیٰ کے

اللہ تعالیٰ کا عذاب آجائے یا تم پر قیامت آجائے، تو کیا تم اللہ تعالیٰ کے سوا

تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٠﴾ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ

تم پکارو گے	اگر	ہو تم	سچے	بلکہ	صرف اُسی کو	تم پکارو گے

کسی غیر کو پکارو گے اگر تم سچے ہو؟ (40) بلکہ تم اسی کو پکارو گے،

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ

پھر وہ دور کر دے گا	جو	تم پکارو گے	طرف اُس کی	اگر	وہ چاہے گا	اور تم بھول جاؤ گے

پھر اگر وہ چاہے گا تو اس مصیبت کو دور کر دے گا جس کی طرف تم اسے پکارو گے، اور تم ان سب کو بھول جاؤ گے

ع ٤ ١١ ١٠

مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿٤١﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ

اس کو جو	تم شریک بناتے ہو	اور بلاشبہ یقیناً	بھیج چکے ہیں ہم	طرف	بہت سی اُمتوں کی

جو تم شریک بناتے ہو۔(41) اور بلاشبہ یقیناً آپ سے پہلے بھی ہم بہت سی اُمتوں میں رسول بھیج چکے ہیں

مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

پہلے آپ سے	پھر پکڑا ہم نے اُن کو	ساتھ تنگ دستی کے	اور تکلیف میں	تا کہ وہ

پھر ہم نے اُن کو تنگ دستی اور تکلیف میں پکڑا تا کہ وہ

يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا

عاجزی اختیار کریں	پھر کیوں نہیں	جب	آیا اُن کے پاس	ہمارا عذاب

عاجزی اختیار کریں۔(42) پھر جب اُن پر ہمارا عذاب آیا

تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ

انہوں نے عاجزی اختیار کی	لیکن	سخت ہو گئے	دل اُن کے	اور خوشنما بنا دیا	اُن کے لئے

تو انہوں نے کیوں نہ عاجزی اختیار کی؟ بلکہ ان کے دل سخت ہو گئے اور شیطان نے ان کے لیے

الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا

شیطان نے	جو	تھے وہ	عمل کرتے	سو جب	انہوں نے بھلا دیا	جو

خوش نما بنا دیا جو وہ عمل کرتے تھے۔(43) سو جب اُنہوں نے اُس نصیحت کو بھلا دیا جو

ذُكِّرُوْا	بِهٖ	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	اَبْوَابَ
وہ نصیحت کیے گئے تھے	ساتھ اُس کے	تو کھول دیے ہم نے	اُن پر	دروازے

اُنہیں کی گئی تھی تو ہم نے اُن پر ہر چیز کے دروازے کھول دیے

كُلِّ شَيْءٍ ط	حَتّٰٓى	اِذَا	فَرِحُوْا	بِمَآ	اُوْتُوْٓا
ہر چیز کے	یہاں تک کہ	جب	وہ اترانے لگے	ساتھ اُس کے جو	وہ دیے گئے تھے

حتیٰ کہ جب وہ خود ان پر اترانے لگے جو وہ دیے گئے تو

اَخَذْنٰهُمْ	بَغْتَةً	فَاِذَا	هُمْ	مُّبْلِسُوْنَ ﴿٤٤﴾	فَقُطِعَ
پکڑ لیا ہم نے اُن کو	اچانک	تو اچانک	وہ	مایوس تھے	چنانچہ کاٹ دی گئی

ہم نے اچانک اُن کو پکڑ لیا تو اچانک وہ مایوس تھے۔(44) چنانچہ

دَابِرُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا ط	وَالْحَمْدُ	لِلّٰهِ
جڑ	ان لوگوں کی	وہ جنہوں نے	ظلم کیا تھا	اور سب تعریف	اللہ تعالیٰ کے لئے ہے

ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی گئی جنہوں نے ظلم کیا اور سب تعریف اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٥﴾	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	اَخَذَ
رب ہے	جہانوں کا	آپ کہہ دو	کیا تم نے دیکھا	اگر	لے لے

جو جہانوں کا رب ہے۔(45) آپ کہہ دو کہ کیا تم نے دیکھا کہ اگر

اللّٰهُ	سَمْعَكُمْ	وَاَبْصَارَكُمْ	وَخَتَمَ	عَلٰى قُلُوْبِكُمْ
اللہ تعالیٰ	تمہاری سماعت کو	اور تمہاری بینائی کو	اور وہ مہر لگا دے	تمہارے دلوں پر

اللہ تعالیٰ تمہاری سماعت اور تمہاری بینائی لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے

مَّنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ	اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِهٖ ط	اُنْظُرْ
کون	معبود ہے	سوائے	اللہ تعالیٰ کے	وہ لا دے تمہیں	ان (نعمتوں کو)	آپ دیکھیں

تو اللہ تعالیٰ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں یہ (نعمتیں) دلا دے؟ آپ دیکھیں

كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

کس طرح ہم پھیر پھیر کرلاتے ہیں آیات پھر وہ سب منہ موڑ لیتے ہیں

ہم کس طرح آیات کو پھیر پھیر کرلاتے ہیں پھر بھی وہ منہ موڑ لیتے ہیں۔(46)

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ

آپ کہہ دیں کیا تم نے دیکھا اگر آجائے تم پر عذاب اللہ تعالیٰ کا

آپ کہیں کیا تم نے دیکھا کہ اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا عذاب

بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ

اچانک یا اعلانیہ نہیں ہلاک کیا جائے گا سوائے لوگوں کے

اچانک یا اعلانیہ آجائے تو نہیں ہلاک کیا جائے گا سوائے ظالم لوگوں کے۔(47)

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ

ظالم اور نہیں ہم بھیجتے رسولوں کو مگر خوش خبری دینے والے

اور ہم رسولوں کو خوش خبری دینے والے

وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ

اور ڈرانے والے پھر جو کوئی ایمان لائے اور وہ اصلاح کرلے تو نہ کوئی خوف ہوگا

اور ڈرانے والے ہی بنا کر بھیجتے ہیں پھر جو لوگ ایمان لائیں اور اصلاح کریں تو اُن پر نہ کوئی خوف ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ

اُن پر اور نہ وہ سب وہ غمگین ہوں گے اور جن لوگوں نے

اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔(48) اور جن لوگوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا

جھٹلایا ہماری آیات کو پہنچے گا ان کو عذاب اس وجہ سے کہ تھے وہ

ہماری آیات کو جھٹلایا تو اُن کو عذاب پہنچے گا اس وجہ سے کہ وہ

يَفْسُقُوْنَ ﴿٤٩﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ

نافرمانیاں کرتے | آپ کہہ دیں | نہیں | میں کہتا | تمہارے لیے | میرے پاس

نافرمانی کرتے تھے۔(49) آپ کہہ دیں میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس

خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ

خزانے ہیں | اللہ تعالیٰ کے | اور نہیں | میں جانتا | غیب کو | اور نہ | میں کہتا ہوں

اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں اور نہ ہی میں غیب کو جانتا ہوں اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں

لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا

تمہارے لیے | یقیناً میں | فرشتہ ہوں | نہیں | میں پیروی کرتا | مگر | جو

کہ میں یقیناً کوئی فرشتہ ہوں، نہیں میں پیروی کرتا مگر

يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى

وحی کی جاتی ہے | طرف میری | آپ کہہ دیں | کیا | برابر ہوتے ہیں | اندھا

جو میری طرف وحی کی جاتی ہے، آپ کہہ دیں کیا اندھا اور آنکھوں والا دونوں برابر ہوتے ہیں؟

وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع وَاَنْذِرْ بِهِ ٥ ع ٩ ١١

اور آنکھوں والا | تو کیا نہیں | تم غور وفکر کرتے | اور آپ خبردار کریں | ساتھ اس کے

تو کیا تم غور وفکر نہیں کرتے؟ (50) اور آپ اس کے ساتھ ان کو خبردار کریں

الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ

ان لوگوں کو جو | خوف رکھتے ہیں | یہ کہ | جمع کیا جائے گا ان کو | طرف ان کے رب کی

جو یہ خوف رکھتے ہیں کہ انہیں اپنے رب کی طرف جمع کیا جائے گا

لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

نہیں | اُن کے لئے | اس کے سوا | کوئی حمایت کرنے والا | اور نہ | کوئی سفارش کرنے والا

کہ اس کے سوا نہ کوئی ان کی حمایت کرنے والا ہوگا اور نہ کوئی سفارش کرنے والا

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

تاکہ وہ | بچ جائیں | اور نہ | تم دور ہٹاؤ | اُن لوگوں کو جو | پکارتے ہیں

تاکہ وہ بچ جائیں۔(51) اور آپ ان لوگوں کو اپنے سے دور نہ ہٹاؤ

رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ط

اپنے رب کو | صبح کو | اور شام کو | وہ چاہتے ہیں | رضا اُس کی

جو صبح وشام اپنے رب کو پکارتے ہیں، وہ اُس کی رضا چاہتے ہیں،

مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا

نہیں | آپ پر | اُن کے حساب میں سے | کچھ بھی | اور نہیں

اُن کے حساب میں سے آپ پر کچھ نہیں اور نہ ہی

مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ

آپ کے حساب میں سے | اُن پر | کچھ بھی | پھر آپ دور ہٹا دیں انہیں | پس تم ہو جاؤ گے

آپ کے حساب میں سے ان پر کچھ ہے، کہ آپ ان کو اپنے سے دور ہٹا دیں، پس

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ

ظالموں میں سے | اور اسی طرح | آزمایا ہم نے | ان میں سے بعض کو | ساتھ بعض کے

آپ ظالموں میں سے ہو جائیں گے۔(52) اور اسی طرح ہم نے انہیں ایک دوسرے سے آزمایا ہے

لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ط

تاکہ وہ کہیں | کیا یہی لوگ ہیں | احسان کیا | اللہ تعالیٰ نے | اُن پر | درمیان ہمارے

تاکہ وہ کہیں کہ کیا یہی وہ لوگ ہیں جن پر ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ نے احسان کیا ہے؟

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا

کیا نہیں ہے | اللہ تعالیٰ | زیادہ جاننے والا | شکر گزاروں کو | اور جب

کیا اللہ تعالیٰ شکر گزار بندوں کو زیادہ جاننے والا نہیں؟(53) اور جب

جَآءَكَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	فَقُلْ سَلٰمٌ
آئیں آپ کے پاس	وہ لوگ جو	ایمان رکھتے ہیں	ہماری آیات پر	تو آپ کہہ دیں سلام ہو

آپ کے پاس وہ آئیں جو ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں تو آپ کہہ دیں تم پر سلام ہو،

عَلَيْكُمْ	كَتَبَ	رَبُّكُمْ	عَلٰى نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ ۙ	اَنَّهٗ
تم پر	لکھ رکھی ہے	تمہارے رب نے	اپنی ذات پر	رحمت	یقیناً وہ

تمہارے رب نے اپنی ذات پر رحمت لازم کر رکھی ہے، یقیناً وہ

مَنْ	عَمِلَ	مِنْكُمْ	سُوْٓءًۢا	بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابَ
جو	کرے	تم میں سے	بُرائی	نادانی میں	پھر	اُس نے توبہ کی

جو تم میں سے نادانی میں کوئی بُرائی کر بیٹھے، پھر

مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَاَصْلَحَ	فَاَنَّهٗ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿٥٤﴾
بعد اس کے	اور اس نے اصلاح کر لی	تو یقیناً وہ	بے حد بخشنے والا	نہایت رحم والا ہے

اس کے بعد توبہ کی اور اصلاح کر لی تو یقیناً وہ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔ (54)

وَكَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	وَلِتَسْتَبِيْنَ	سَبِيْلُ
اور اسی طرح	ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں	آیات کو	اور تا کہ خوب واضح ہو جائے	طریقہ

اور اسی طرح ہم آیات کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں اور تا کہ

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٥٥﴾ ع	قُلْ	اِنِّيْ	نُهِيْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ
مجرموں کا	آپ کہہ دیں	یقیناً میں	روکا گیا ہے مجھے	یہ کہ	میں عبادت کروں

مجرموں کا طریقہ خوب واضح ہو جائے۔ (55) آپ کہہ دیں

ع ٦ ٥ ١٢

الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ	قُلْ	لَّآ	اَتَّبِعُ
جن کو	تم پکارتے ہو	سوائے اللہ تعالیٰ کے	آپ کہہ دیں	نہیں	میں پیچھے چلوں گا

اللہ تعالیٰ کے سوا تم جنہیں پکارتے ہو مجھے ان کی عبادت سے بالکل روکا گیا ہے، آپ کہہ دیں

اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا

تمہاری خواہشات کے | تحقیق | میں گمراہ ہو جاؤں گا | تب | اور نہیں | میں ہوں گا

میں تمہاری خواہشات کے پیچھے نہیں چلوں گا، اس وقت تو میں گمراہ ہو جاؤں گا

مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾ قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ

ہدایت پانے والوں میں سے | آپ کہہ دیں | یقیناً میں ہوں | اُوپر | ایک واضح دلیل کے

اور ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا۔(56) آپ کہہ دیں میں اپنے رب کی طرف سے ایک واضح دلیل پر ہوں

مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا

اپنے رب کی طرف سے | اور جھٹلا دیا تم نے | اس کو | نہیں ہے میرے پاس | جو

اور اس کو تم نے جھٹلا دیا ہے، جس کی

تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ

تم جلدی مچاتے ہو | جس کی | نہیں ہے | فیصلہ | مگر | اللہ تعالیٰ کے لیے

تم جلدی مچاتے ہو وہ میرے پاس نہیں ہے، فیصلہ صرف اللہ تعالیٰ کا ہے،

يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿٥٧﴾ قُلْ

وہ بیان کرتا ہے | حق کو | اور وہ | بہترین ہے | فیصلہ کرنے والوں میں سے | آپ کہہ دیں

وہی حق بیان کرتا ہے اور وہ فیصلہ کرنے والوں میں سے بہترین ہے۔(57) آپ کہہ دیں

لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ

اگر | یقیناً | میرے پاس ہوتا | جو | تم جلدی کر رہے ہو | ساتھ اُس کے

یقیناً اگر میرے پاس وہ ہوتا جس کی تم جلدی کر رہے ہو

لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

ضرور فیصلہ کر دیا جاتا | معاملے کا | درمیان میرے | اور درمیان تمہارے | اور اللہ تعالیٰ | زیادہ جاننے والا ہے

تو میرے اور تمہارے درمیان معاملے کا فیصلہ کر دیا جاتا، اور اللہ تعالیٰ

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ

ظالموں کو | اور اُس کے پاس ہیں | کنجیاں | غیب کی | نہیں | جانتا انہیں

ظالموں کو زیادہ جاننے والا ہے۔(58) اور غیب کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں، اس کے سوا انہیں کوئی نہیں جانتا،

اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا

مگر | وہ | اور جانتا ہے | جو | خشکی میں ہے | اور سمندر میں | اور نہیں

اور وہ خشکی اور سمندر کی ہر چیز کو جانتا ہے اور

تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ

گرتا | کوئی پتہ | مگر | وہ جانتا ہے اسے | اور نہ ہی | کوئی دانہ

کوئی پتہ نہیں گرتا مگر وہ اسے بھی جانتا ہے اور زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ نہیں گرتا

فِىْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ

تاریکیوں میں | زمین کی | اور نہ | کوئی تر چیز | اور نہ | کوئی خشک چیز

اور نہ کوئی تر چیز اور نہ کوئی خشک چیز

اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٥٩﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ

مگر | کتاب میں ہے | کھلی | اور وہی ہے | جو | وفات دیتا ہے تمہیں | رات کو

مگر سب کھلی کتاب میں ہے۔(59) اور وہی ہے جو تمہیں رات کو وفات دیتا ہے

وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ

اور وہ جانتا ہے | جو | کرتے ہو تم | دن میں | پھر | وہ اُٹھا دیتا ہے تمہیں

اور جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اس کو وہ جانتا ہے پھر وہ اس (دِن) میں تمہیں اُٹھا دیتا ہے

فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ

اس میں | تا کہ پورا کیا جائے | وقت | مقرر | پھر | طرف اس کی | واپسی ہے تمہاری

تا کہ مقررہ مدت پوری کی جائے پھر اس کی طرف تمہاری واپسی ہے

ع ٥/٨ ١٤

ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع وَهُوَ

پھر | وہ خبر کردے گا تمہیں | ساتھ اس کے جو | تھے تم | عمل کیا کرتے | اور وہ

پھر وہ تمہیں اس کی خبر کردے گا جو تم عمل کیا کرتے تھے۔(60) اور وہ

الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ط

غالب ہے | اُوپر | اپنے بندوں کے | اور وہ بھیجتا ہے | تم پر | نگہبان

اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہ تم پر نگہبان بھیجتا ہے

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ

یہاں تک کہ | جب | آتی ہے | تم میں سے کسی ایک کو | موت | قبض کرتے ہیں اُس کو

یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی ایک پر موت آتی ہے، ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے اس کو قبض کر لیتے ہیں

رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا

ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) | اور وہ | نہیں | وہ کوتاہی کرتے | پھر | وہ لوٹائے جاتے ہیں

اور وہ ذرا کوتاہی نہیں کرتے۔(61) پھر وہ

اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ط اَلَا لَهُ الْحُكْمُ قف

طرف اللہ تعالیٰ کی | مالک ہے اُن کا | حقیقی | سن لو | اُسی کا | حکم ہے

اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاتے ہیں جو ان کا حقیقی مالک ہے، سُن لو! حکم اُسی کا ہے

وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ

اور وہ | زیادہ جلد ہے | حساب لینے والوں میں سے | آپ کہہ دیں | کون | نجات دیتا ہے تمہیں

اور وہ سب حساب لینے والوں سے زیادہ جلد (حساب لینے والا) ہے۔(62) آپ کہہ دیں

مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ج

اندھیروں سے | خشکی کے | اور سمندر کے | تم پکارتے ہو اُسے | گڑگڑا کر | اور چپکے چپکے

تمہیں خشکی اور سمندر کی تاریکیوں سے کون نجات دیتا ہے؟ تم اُسے گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارتے ہو

تمہیں

لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٣﴾

یقیناً اگر اُس نے نجات دی ہمیں اس سے تو ہم ضرور ہو جائیں گے شکر ادا کرنے والوں میں سے

یقیناً اگر اس نے ہمیں اس سے نجات دے دی تو ہم ضرور اس کا شکر ادا کرنے والوں میں سے ہو جائیں گے۔(63)

قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ

آپ کہہ دو اللہ تعالیٰ نجات دیتا ہے تمہیں اُس سے اور ہر تکلیف سے پھر

آپ کہہ دیں اس سے اور ہر تکلیف سے اللہ تعالیٰ ہی تمہیں نجات دیتا ہے پھر

اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى

تم شرک کرتے ہو آپ کہہ دیں وہ قادر ہے اُوپر

بھی تم شرک ہی کرتے ہو۔(64) آپ کہہ دیں وہ اس پر بھی قادر ہے

اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ

اس کے کہ وہ بھیج دے تم پر عذاب تمہارے اُوپر سے یا

کہ تم پر تمہارے اوپر سے یا

مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ

نیچے سے تمہارے پاؤں کے یا وہ ملا دے تمہیں گروہوں میں اور وہ مزہ چکھا دے

تمہارے پاؤں کے نیچے سے کوئی عذاب بھیج دے یا تمہیں گروہوں میں ملا دے

بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ

تم میں سے بعض کو لڑائی کا بعض کی آپ دیکھیں کیسے ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں

اور تم میں سے بعض کو بعض کی لڑائی کا مزہ چکھا دے، آپ دیکھیں ہم آیات کو کیسے پھیر پھیر کر بیان

الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ

آیات کو تا کہ وہ سمجھیں اور جھٹلایا اس کو آپ کی قوم نے

کرتے ہیں تا کہ وہ سمجھیں۔(65) اور آپ کی قوم نے اس کو جھٹلا دیا ہے

وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ؕ ﴿٦٦﴾

حالانکہ وہ | حق ہے | آپ کہہ دیں | نہیں ہوں میں | تم پر | کوئی نگہبان

حالانکہ وہ حق ہے، آپ کہہ دیں میں تم پر کوئی نگہبان نہیں ہوں۔(66)

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ز وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِذَا

ہر خبر کے لیے | ایک واقع ہونے کا وقت ہے | اور بہت ہی جلد | تم جان جاؤ گے | اور جب

ہر خبر کے واقع ہونے کا ایک وقت مقرر ہے اور بہت ہی جلد تم جان جاؤ گے۔(67)اور جب

رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ

آپ دیکھیں | اُن لوگوں کو جو | فضول بحث کرتے ہیں | ہماری آیات میں | تو آپ منہ موڑ جائیں

آپ ان کو دیکھیں کہ ہماری آیتوں پر فضول بحث کرتے ہیں تو آپ ان سے منہ موڑ جائیں

عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا

اُن سے | یہاں تک کہ | وہ مشغول ہو جائیں | کسی بات میں | اس کے علاوہ | اور اگر

یہاں تک کہ وہ اس کے علاوہ کسی اور بات میں مشغول ہو جائیں اور اگر

يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى

بھلا دے آپ کو | شیطان | تو نہ | آپ بیٹھیں | بعد | یاد آنے کے

آپ کو شیطان بھلا دے تو یاد آنے کے بعد ایسے

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ

لوگوں کے ساتھ | ظالم | اور نہیں ہے | اُن لوگوں پر جو | بچتے ہیں

ظالم لوگوں کے ساتھ مت بیٹھیں۔(68)اور اُن لوگوں کے ذمے نہیں ہے جو بچتے ہیں

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ

اُن کے حساب میں سے | کوئی ذمہ | لیکن | یاددہانی ہے | تاکہ وہ

ان کے حساب میں سے لیکن یاددہانی ہے تاکہ وہ بھی

يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا

بچ جائیں | اور آپ چھوڑ دو | اُن لوگوں کو | جنہوں نے بنا رکھا ہے | اپنے دین کو | کھیل

بچ جائیں۔(69) اور آپ چھوڑ دو ان لوگوں کو جنہوں نے اپنا دین کھیل

وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ

اور دل لگی | اور دھوکے میں ڈالا ہے اُن کو | زندگی نے | دنیا کی | اور آپ نصیحت کرتے رہو

اور دل لگی بنا رکھا ہے اور جن کو دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال دیا ہے اور آپ اس (قرآن) کے ساتھ انہیں نصیحت کرتے رہیں

بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ

ساتھ اس کے | یہ کہ (نہ) | ہلاکت میں ڈال دی جائے | کوئی جان | اس وجہ سے جو | اس نے کمایا | نہ ہو گا

کہ کوئی جان اس کی وجہ سے جو اس نے کمایا ہلاکت میں نہ ڈال دی جائے،

لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ

اس کے لئے | سوائے | اللہ تعالیٰ کے | کوئی دوست | اور نہ | کوئی سفارشی | اور اگر

اللہ تعالیٰ کے سوا اس کے لیے کوئی دوست اور سفارشی نہ ہو گا اور اگر

تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

وہ فدیہ دے | ہر فدیہ | نہیں لیا جائے گا | اُس سے | یہ لوگ ہیں | وہ جو

وہ فدیہ دے، ہر فدیہ تو بھی اس سے نہیں لیا جائے گا، یہ لوگ ہیں جو

اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ

ہلاکت میں ڈالے گئے | اس کے بدلے جو | انہوں نے کمایا | اُن کے لئے | پینا ہو گا | کھولتے ہوئے پانی میں سے

اُس کے بدلے ہلاکت میں ڈالے گئے جو انہوں نے کمایا، ان کے لیے کھولتے ہوئے پانی سے پینا ہو گا

وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ ع ٨ ١٤

اور عذاب | دردناک | بوجہ اس کے جو | تھے وہ | کفر کیا کرتے | آپ کہہ دیں

اور دردناک عذاب ہو گا اس کی وجہ سے جو وہ کفر کیا کرتے تھے۔(70) آپ کہہ دیں

اَنَدۡعُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنۡفَعُنَا وَلَا

کیا ہم پکاریں سوائے اللہ تعالیٰ کے اس کو جو نہیں وہ نفع دے سکتے ہیں ہمیں اور نہ

کیا ہم اللہ تعالیٰ کے سوا ان کو پکاریں جو نہ ہمیں نفع دے سکتے ہیں اور نہ

يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰۤى اَعۡقَابِنَا بَعۡدَ اِذۡ

وہ نقصان پہنچا سکتے ہیں ہمیں اور ہم پھیر دیئے جائیں اپنی ایڑیوں پر بعد اس کے جب

نقصان پہنچا سکتے ہیں، اور ہم اس کے بعد اپنی ایڑیوں پر پھیر دیئے جائیں

هَدٰٮنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسۡتَهۡوَتۡهُ الشَّيٰطِيۡنُ

ہدایت دی ہے ہمیں اللہ تعالیٰ نے مانند اس کے جو بھٹکا دیا ہو اُسے شیطانوں نے

کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہدایت دے رکھی ہے اس کی مانند جسے شیطانوں نے

فِى الۡاَرۡضِ حَيۡرَانَ ص لَهٗۤ اَصۡحٰبٌ يَّدۡعُوۡنَهٗۤ

زمین میں حیران ہو اُس کے لئے کچھ ساتھی ہوں وہ پکارتے ہوں اس کو

صحرا میں بھٹکا دیا ہو اس حال میں کہ وہ حیران ہو، اُس کے ساتھی ہوں جو اُسے

اِلَى الۡهُدَى ائۡتِنَا ؕ قُلۡ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ

طرف ہدایت کی تم آجاؤ ہمارے پاس آپ کہہ دیں یقیناً راہ نمائی اللہ تعالیٰ کی

ہدایت کی طرف بُلا رہے ہوں کہ ہمارے پاس آجاؤ آپ کہہ دیں یقیناً راہ نمائی صرف اللہ تعالیٰ کی راہ نمائی ہے

هُوَ الۡهُدٰى ؕ وَاُمِرۡنَا لِنُسۡلِمَ لِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ ﴿٧١﴾

وہی راہ نمائی ہے اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم تابع فرمان بن جائیں جہانوں کے رب کے لیے

اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم جہانوں کے رب کے تابع فرمان بن جائیں ۔(71)

وَاَنۡ اَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوۡهُ ؕ وَهُوَ الَّذِىۡۤ

اور یہ کہ تم قائم کرو نماز اور تم ڈرو اس سے اور وہی ہے جو

اور یہ کہ تم نماز قائم کرو اور اللہ تعالیٰ سے تم ڈرو۔ اور وہی ہے

إِلَيْهِ	تُحْشَرُونَ ﴿٧٢﴾	وَهُوَ	الَّذِي	خَلَقَ	
طرف جس کی	تم جمع کیے جاؤ گے	اور وہ	وہی ہے	پیدا کیا اس نے	

جس کی طرف تم سب جمع کیے جاؤ گے۔(72)اور وہی ہے جس نے

السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	بِالْحَقِّ ط	وَيَوْمَ	يَقُولُ	
آسمانوں کو	اور زمین کو	ساتھ حق کے	اور جس دن	وہ کہے گا	

آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور جس دن وہ کہے گا

كُنْ	فَيَكُونُ ۚ	قَوْلُهُ	الْحَقُّ ط	وَلَهُ	الْمُلْكُ
ہو جا	تو وہ ہو جائے گا	بات اس کی	سچی ہے	اور اس کے لیے ہوگی	بادشاہت

”ہو جا“ تو (حشر) ہو جائے گا، اس کی بات سچی ہے اور

يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّورِ ط	عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ ط
جس دن	پھونکا جائے گا	صور میں	جاننے والا ہے	غیب کا	اور حاضر کا

جس دن صور میں پھونکا جائے گا بادشاہت اُسی کی ہوگی، وہ غائب اور حاضر کو جاننے والا ہے،

وَهُوَ	الْحَكِيمُ	الْخَبِيرُ ﴿٧٣﴾	وَإِذْ	قَالَ	إِبْرٰهِيمُ
اور وہ	کمال حکمت والا	پوری خبر رکھنے والا ہے	اور جب	کہا	ابراہیم نے

اور وہی کمال حکمت والا، پوری خبر رکھنے والا ہے۔(73)اور جب ابراہیم نے

لِأَبِيهِ آزَرَ	أَتَتَّخِذُ	أَصْنَامًا	آلِهَةً ج	إِنِّي	
اپنے باپ آذر کے لئے	کیا تم بناتے ہو	بتوں کو	معبود	یقیناً میں	

اپنے باپ آزر سے کہا: ”کیا تم بتوں کو معبود بناتے ہو؟ بلاشبہ میں

أَرٰىكَ	وَقَوْمَكَ	فِي ضَلٰلٍ	مُّبِينٍ ﴿٧٤﴾	وَكَذٰلِكَ	
میں دیکھتا ہوں تجھے	اور تیری قوم کو	گمراہی میں	کھلی	اور اسی طرح	

تمہیں اور تمہاری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں“۔(74)اور

نُرِيٓ	اِبۡرٰهِيۡمَ	مَلَكُوۡتَ	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضِ
ہم نے دکھائی	ابراہیم کو	عظیم سلطنت	آسمانوں کی	اور زمین کی

ابراہیم کو اسی طرح ہم آسمانوں اور زمین کی عظیم سلطنت دکھاتے تھے

وَلِيَكُوۡنَ	مِنَ الۡمُوۡقِنِيۡنَ ﴿۷۵﴾	فَلَمَّا	جَنَّ	عَلَيۡهِ
اور تاکہ وہ ہو جائے	کامل یقین کرنے والوں میں سے	چنانچہ جب	چھا گئی	اُس پر

تاکہ وہ کامل یقین کرنے والوں میں سے ہو جائے۔ (75) چنانچہ جب اس پر رات چھا گئی

الَّيۡلُ	رَاٰ	كَوۡكَبًا ۚ	قَالَ	هٰذَا	رَبِّىۡ ۚ
رات	اُس نے دیکھا	ایک تارا	اُس نے کہا	یہ	میرا رب ہے

تو اس نے ایک تارا دیکھا، اس نے کہا: "یہ میرا رب ہے"،

فَلَمَّآ	اَفَلَ	قَالَ	لَاۤ اُحِبُّ	الۡاٰفِلِيۡنَ ﴿۷۶﴾	فَلَمَّا
پھر جب	وہ ڈوب گیا	اُس نے کہا	نہیں میں محبت رکھتا	ڈوب جانے والوں سے	چنانچہ جب

پھر جب وہ ڈوب گیا تو اس نے کہا: "میں ڈوب جانے والوں سے محبت نہیں رکھتا۔" (76) چنانچہ جب

رَاَ	الۡقَمَرَ	بَازِغًا	قَالَ	هٰذَا	رَبِّىۡ ۚ	فَلَمَّآ
اُس نے دیکھا	چاند کو	جگمگاتا ہوا	اُس نے کہا	یہ	میرا رب ہے	پھر جب

اس نے جگمگاتا ہوا چاند دیکھا تو کہا: "یہ میرا رب ہے"،

اَفَلَ	قَالَ	لَئِنۡ	لَّمۡ	يَهۡدِنِىۡ	رَبِّىۡ
وہ ڈوب گیا	اُس نے کہا	یقیناً اگر	نہ	راہ نمائی کی میری	میرے رب نے

پھر جب وہ ڈوب گیا تو اس نے کہا: "اگر یقیناً میرے رب نے میری راہ نمائی نہ کی

لَاَكُوۡنَنَّ	مِنَ الۡقَوۡمِ	الضَّآلِّيۡنَ ﴿۷۷﴾	فَلَمَّا	رَاَ
میں ضرور ہو جاؤں گا	لوگوں میں سے	گمراہ	پھر جب	اُس نے دیکھا

تو میں ضرور گمراہ لوگوں میں سے ہو جاؤں گا۔" (77) پھر جب اس نے

الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ

سورج کو | چمکتا ہوا | اس نے کہا | یہ | میرا رب ہے | یہ

سورج چمکتا ہوا دیکھا تو کہا: ”یہ میرا رب ہے، یہ

اَكْبَرُ ج فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ

سب سے بڑا ہے | پھر جب | وہ ڈوب گیا | اُس نے کہا | اے میری قوم | بلاشبہ میں

سب سے بڑا ہے“ پھر جب وہ بھی ڈوب گیا تو اس نے کہا: ”اے میری قوم! بلاشبہ میں

بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٨﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ

بے تعلق ہوں | اس سے جو | تم شریک بناتے ہو | یقیناً میں | متوجہ کرلیا میں نے | چہرہ اپنا

ان سے بے تعلق ہوں جو تم شریک بناتے ہو۔“ (78) یقیناً میں نے اپنا چہرہ اس کی طرف متوجہ کرلیا

لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ

اُس کے لئے | جس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | ایک اللہ کی طرف ہو کر | اور نہیں ہوں

جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، یک سو ہو کر اور

اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٧٩﴾ ج وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ط قَالَ

میں | مشرکوں میں سے | اور جھگڑا کیا اُس سے | اُس کی قوم نے | اُس نے کہا

میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔“ (79) اور اس کی قوم نے اُس سے جھگڑا کیا، اُس نے کہا:

اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ط وَلَآ

تم کیا جھگڑتے ہو مجھ سے | اللہ تعالیٰ کے بارے میں | حالانکہ یقیناً | اُس نے ہدایت دی ہے مجھے | اور نہیں

”کیا تم اللہ تعالیٰ کے بارے میں مجھ سے جھگڑتے ہو؟“ حالانکہ اُس نے مجھے ہدایت دی ہے اور

اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ

میں ڈرتا | اس سے جو | تم شریک بناتے ہو | ساتھ اس کے | مگر | یہ کہ | چاہے

میں اُن سے نہیں ڈرتا جن کو تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک بناتے ہو مگر یہ کہ

رَبِّيْ شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ

میرا رب | کچھ | احاطہ کرلیا ہے | میرے رب نے | ہر چیز کا | علم سے

میرا رب ہی کچھ چاہے، میرے رب نے ہر چیز کا علم سے احاطہ کر رکھا ہے

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ

تو کیا نہیں | تم نصیحت قبول کرتے | اور کیسے | میں ڈر جاؤں | اس سے جو | تم نے شریک بنائے

تو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے؟ (80) اور میں ان سے کیسے ڈر جاؤں جن کو تم نے شریک بنایا ہے؟

وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ

اور نہیں | تم ڈرتے | بے شک تم | شریک بناتے ہو | ساتھ اللہ تعالیٰ کے | اس کو جو | نہیں

جب کہ تم ان کو اللہ تعالیٰ کا شریک بناتے نہیں ڈرتے

يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ

اُس نے نازل کی | ساتھ اس کے | تم پر | کوئی دلیل | چنانچہ کون سا | دونوں گروہوں میں سے

جس کی اُس نے کوئی دلیل بھی تم پر نازل نہیں کی؟ چنانچہ فریقین میں سے

وقف لازم

اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨١﴾ اَلَّذِيْنَ

زیادہ مستحق ہے | امن کا | اگر | تم ہو | جانتے | جو لوگ

امن کا زیادہ مستحق کون ہے؟ اگر تم جانتے ہو" (81) جو لوگ

اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ

ایمان لائے | اور نہیں | آلودہ کیا انہوں نے | اپنے ایمان کو | ظلم سے

ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان کو شرک سے آلودہ نہیں کیا،

اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع وَتِلْكَ

ع ٩ ١٢ ١٥

یہی لوگ ہیں | جن کے لئے | امن ہے | اور وہی | ہدایت پانے والے ہیں | اور یہ

یہی لوگ ہیں جن کے لیے امن ہے اور وہی ہدایت پانے والے ہیں۔ (82) اور یہ

حُجَّتُنَآ	اٰتَيْنٰهَآ	اِبْرٰهِيْمَ	عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ	نَرْفَعُ
دلیل ہے ہماری	دی تھی ہم نے وہ	ابراہیم کو	اُس کی قوم پر	ہم بلند کر دیتے ہیں

ہماری دلیل ہے جو ہم نے ابراہیم کو اُس کی قوم کے مقابلے میں دی تھی، ہم جس کے

دَرَجٰتٍ	مَّنْ	نَّشَآءُ ؕ	اِنَّ	رَبَّكَ	حَكِيْمٌ
درجات	جس کے	ہم چاہتے ہیں	بے شک	رب آپ کا	کمال حکمت والا ہے

چاہتے ہیں درجات بلند کر دیتے ہیں، بے شک آپ کا رب کمال حکمت والا،

عَلِيْمٌ ﴿٨٣﴾	وَوَهَبْنَا	لَهٗٓ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ ؕ	كُلًّا
سب کچھ جاننے والا ہے	اور عطا فرمائے ہم نے	اس کے لیے	اسحٰق	اور یعقوب	ہر ایک کو

سب کچھ جاننے والا ہے۔(83) اور ہم نے اُسے اسحٰق اور یعقوب عطا فرمائے، ہر ایک کو

هَدَيْنَا ۚ	وَنُوْحًا	هَدَيْنَا	مِنْ قَبْلُ	وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ
ہدایت دی ہم نے	اور نوح کو	ہدایت دی ہم نے	اُس سے پہلے	اور اُس کی نسل میں سے

ہم نے ہدایت دی اور اس سے پہلے ہم نے نوح کو بھی ہدایت دی تھی اور اس کی نسل میں سے

دَاوٗدَ	وَسُلَيْمٰنَ	وَاَيُّوْبَ	وَيُوْسُفَ	وَمُوْسٰى
داؤد کو	اور سلیمان کو	اور ایوب کو	اور یوسف کو	اور موسیٰ کو

داؤد کو اور سلیمان کو اور ایوب کو اور یوسف کو اور موسیٰ کو

وَهٰرُوْنَ ؕ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِى	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٤﴾	وَزَكَرِيَّا
اور ہارون کو	اور ایسا ہی	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیک لوگوں کو	اور زکریا کو

اور ہارون کو بھی اور ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔(84) اور زکریا کو

وَيَحْيٰى	وَعِيْسٰى	وَاِلْيَاسَ ؕ	كُلٌّ	مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٥﴾
اور یحییٰ کو	اور عیسیٰ کو	اور الیاس کو	سب کے سب	صالحین میں سے تھے

اور یحییٰ کو اور عیسیٰ کو اور الیاس کو بھی، سب کے سب صالحین تھے۔(85)

وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا

اور اسماعیل کو — اور یسع کو — اور یونس کو — اور لوط کو — اور ہر ایک کو

اور اسماعیل کو اور یسع کو اور یونس کو اور لوط کو بھی اور ہر ایک کو

فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۸۶﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

فضیلت عطا کی ہم نے — تمام دنیا پر — اور اُن کے آباء واجداد میں سے — اور اُن کی اولادوں میں سے

ہم نے تمام دنیا پر فضیلت عطا کی۔(86) اور ان کے بعض آباء واجداد کو اور ان کی بعض اولادوں کو

وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ

اور اُن کے بھائیوں میں سے — اور چُن لیا ہم نے اُنہیں — اور ہدایت دی ہم نے اُنہیں

اور ان کے بعض بھائیوں کو بھی اور اُنہیں ہم نے چن لیا اور ہم نے انہیں

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ

طرف راستے کی — سیدھے — یہ — ہدایت ہے — اللہ تعالیٰ کی — وہ راہ نمائی فرماتا ہے

سیدھا راستہ دکھلایا۔(87) یہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہے، وہ

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا

ساتھ اُس کے — جس کو — وہ چاہتا ہے — اپنے بندوں میں سے — اور اگر — وہ شرک کرتے

اس کے ساتھ اپنے بندوں میں سے جس کی چاہتا ہے راہ نمائی فرماتا ہے، اور اگر وہ شرک کرتے

لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ

یقیناً ضائع ہو جاتے — اُن سے — جو — وہ تھے — عمل کرتے — یہی لوگ ہیں

تو یقیناً اُن سے ضائع ہو جاتا جو وہ عمل کرتے تھے۔(88) یہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ

جن کو — عطا کی ہم نے اُن کو — کتاب — اور حکمت — اور نبوت

جن کو ہم نے کتاب، حکمت اور نبوت عطا کی

فَاِنۡ	يَّكۡفُرۡ	بِهَا	هٰٓؤُلَآءِ	فَقَدۡ	وَكَّلۡنَا
پھر اگر	انکار کرتے ہیں	اس کا	یہ لوگ	تو تحقیق	مقرر کر دیے ہم نے

پھر اگر یہ لوگ نبوت کا انکار کرتے ہیں تو ہم نے

بِهَا	قَوۡمًا	لَّيۡسُوۡا	بِهَا	بِكٰفِرِيۡنَ ﴿٨٩﴾	اُولٰٓئِكَ
ساتھ اُس کے	ایسے لوگ	نہیں ہیں وہ	اس کا	کسی صورت انکار کرنے والے	یہی لوگ ہیں

اس کے لیے ایسے لوگ مقرر کر دیے ہیں جو اس کا کسی صورت انکار کرنے والے نہیں ہیں۔(89) یہی لوگ ہیں

الَّذِيۡنَ	هَدَى	اللّٰهُ	فَبِهُدٰٮهُمُ	اقۡتَدِهۡ ؕ
جن کو	ہدایت دی	اللہ تعالیٰ نے	سو اُن کی ہدایت کی	آپ پیروی کرو

جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی تھی سو آپ بھی ان کی ہدایت کی پیروی کریں

قُلۡ	لَّاۤ	اَسۡـَٔلُكُمۡ	عَلَيۡهِ	اَجۡرًا ؕ	اِنۡ	هُوَ
آپ کہہ دیں	نہیں	میں طلب کرتا تم سے	اُس پر	کوئی اجر	نہیں ہے	وہ

آپ کہہ دیں میں اس پر تم سے کوئی اجرت طلب نہیں کرتا،

اِلَّا	ذِكۡرٰى	لِلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿٩٠﴾ ع	وَمَا	قَدَرُوا	اللّٰهَ
مگر	ایک نصیحت	تمام جہانوں کے لیے	اور نہیں	انہوں نے قدر پہچانی	اللہ تعالیٰ کی

یہ تو تمام جہانوں کے لیے ایک نصیحت ہے۔(90) اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر نہیں پہچانی

ع ١٠ ٨ ١٦

حَقَّ	قَدۡرِهٖۤ	اِذۡ	قَالُوۡا	مَاۤ	اَنۡزَلَ
حق ہے	اُس کی قدر کا	جب	انہوں نے کہا	نہیں	نازل کی

جیسا کہ اس کی قدر پہچاننے کا حق ہے، جب انہوں نے کہا کہ

اللّٰهُ	عَلٰى بَشَرٍ	مِّنۡ شَىۡءٍ ؕ	قُلۡ	مَنۡ	اَنۡزَلَ
اللہ تعالیٰ نے	کسی انسان پر	کچھ بھی	آپ کہہ دیں	کس نے	اتاری تھی

اللہ تعالیٰ نے کسی انسان پر کچھ بھی نازل نہیں کیا، آپ کہیں وہ کتاب کس نے اُتاری تھی

الْكِتٰبَ	الَّذِيْ	جَآءَ	بِهٖ	مُوْسٰى	نُوْرًا
کتاب	جو	لے کر آئے تھے	اس کو	موسیٰ	روشنی تھی

جو موسیٰ لے کر آئے تھے؟ جو انسانوں کے لیے روشنی

وَّهُدًى	لِّلنَّاسِ	تَجْعَلُوْنَهٗ	قَرَاطِيْسَ	تُبْدُوْنَهَا
اور ہدایت	انسانوں کے لیے	تم بناتے اس کو	چند ورق	تم ظاہر کرتے ہو اس کو

اور ہدایت تھی، تم اسے چند ورق بناتے ہو، اس میں سے کچھ ظاہر کرتے ہو

وَتُخْفُوْنَ	كَثِيْرًا ج	وَعُلِّمْتُمْ	مَّا	لَمْ تَعْلَمُوْٓا	اَنْتُمْ
اور تم چھپاتے ہو	بہت کچھ	اور سکھائے گئے ہو تم	جسے	نہیں تم جانتے	تم

اور بہت کچھ چھپا جاتے ہو اور تمہیں وہ کچھ سکھایا گیا جسے نہ تم جانتے تھے

وَلَآ	اٰبَآؤُكُمْ ط	قُلِ	اللّٰهُ لا	ثُمَّ	ذَرْهُمْ
اور نہ	باپ دادا تمہارے	آپ کہہ دیں	اللہ تعالیٰ ہی نے	پھر	آپ چھوڑ دو اُن کو

اور نہ تمہارے باپ دادا، آپ کہیں اللہ تعالیٰ ہی نے، پھر آپ ان کو چھوڑیں

فِيْ خَوْضِهِمْ	يَلْعَبُوْنَ ۝٩١	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ
ان کی فضول بحثوں میں	وہ کھیلتے رہیں	اور یہ	ایک کتاب ہے	نازل کیا ہے ہم نے اس کو

وہ اپنی بحثوں میں کھیلتے رہیں۔(91) اور یہ ایک کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے

مُبٰرَكٌ	مُّصَدِّقُ	الَّذِيْ	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَلِتُنْذِرَ
بابرکت ہے	تصدیق کرنے والی ہے	اُس (کتاب) کی جو	پہلے ہے اس سے	اور تاکہ آپ خبردار کر دیں

بڑی بابرکت ہے، اُس (کتاب) کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے ہے اور تاکہ آپ

اُمَّ الْقُرٰى	وَمَنْ	حَوْلَهَا ط	وَالَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ
مکہ والوں کو	اور جو	اِردگرد ہیں اُس کے	اور وہ لوگ جو	ایمان رکھتے ہیں

مکہ اور اس کے اردگرد والوں کو خبردار کردیں اور جو

بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ

آخرت پر | وہ ایمان لاتے ہیں | اس پر | اور وہ | اپنی نمازوں پر

آخرت پر یقین رکھتے ہیں وہی اس پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی

يُحَافِظُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

وہ حفاظت کرتے ہیں | اور کون | بڑا ظالم ہے | اُس سے جو | وہ باندھے | اللہ تعالیٰ پر

حفاظت بھی وہی کرتے ہیں۔ (92) اور اس سے بڑا ظالم اور کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے؟

كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ

جھوٹ | یا | کہے | وحی کی گئی ہے | مجھ پر | حالانکہ نہیں | وحی کی گئی

یا کہے کہ مجھ پر وحی کی گئی حالانکہ اس پر کچھ وحی نہ کیا گیا ہو

اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ

اُس پر | کچھ بھی | اور جو | کہے | جلد ہی میں اتاروں گا | جیسا

اور جو کہے کہ جیسا کلام اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے جلد ہی میں بھی ویسا ہی اُتاروں گا،

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ

اس کے جو | نازل کیا ہے | اللہ تعالیٰ نے | اور کاش | آپ دیکھیں | جب | ظالم

اور کاش آپ دیکھیں جب یہ ظالم

فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ

سختیوں میں ہوتے ہیں | موت کی | اور فرشتے | پھیلانے والے | اپنے ہاتھوں کو

موت کی سختیوں میں ہوتے ہیں اور فرشتے اپنے ہاتھ پھیلانے والے ہوتے ہیں کہ

اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ

تم نکالو | جانیں اپنی | آج | تم بدلہ دیئے جاؤگے | عذاب کا | ذلت کے

”نکالو اپنی جانیں، آج تمہیں ذلت کا عذاب دیا جائے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ

اس وجہ سے کہ | تھے تم | تم کہتے | اللہ تعالیٰ پر | ناحق | اور تھے تم

اس وجہ سے کہ تم اللہ تعالیٰ پر ناحق باتیں کہتے تھے اور

عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى

اس کی آیات سے | تم تکبر کرتے | اور بلاشبہ یقیناً | آ گئے ہو تم ہمارے پاس | اکیلے

اس کی آیات سے تکبر کیا کرتے تھے۔'' (93) اور بلاشبہ تم ہمارے پاس یقیناً اکیلے آ گئے ہو

كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا

جیسا کہ | پیدا کیا تھا ہم نے تمہیں | پہلی | بار | اور چھوڑ آئے تم | جو

جیسا کہ ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور جو بھی ہم نے تمہیں دیا تھا

خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ

عطا کیا تھا ہم نے تمہیں | پیچھے | اپنی پشتوں کے | اور نہیں | ہم دیکھتے | ساتھ تمہارے

تم اپنی پشتوں کے پیچھے چھوڑ آئے ہو اور ہم تمہارے ساتھ

شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۭ

سفارشی تمہارے | وہ لوگ جن کو | گمان کیا تھا تم نے | یقیناً وہ | تم میں | حصہ دار ہیں

تمہارے ان سفارشیوں کو بھی نہیں دیکھتے جن کے متعلق تمہارا گمان تھا کہ یقیناً وہ تمہارا کام بنانے میں حصہ دار ہیں

لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا

بلاشبہ یقیناً | ٹوٹ گیا | درمیان تمہارے | اور گم ہو گئے | تم سے | جو

بلاشبہ تمہارا رشتہ یقیناً ٹوٹ گیا اور تم سے وہ سب گم ہو گئے جن کو

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ

تھے تم | گمان کیا کرتے | یقیناً | اللہ تعالیٰ | پھاڑنے والا ہے | دانے کو

تم گمان کیا کرتے تھے۔ (94) یقیناً اللہ تعالیٰ ہی دانے

وَالنَّوٰى ؕ   يُخۡرِجُ   الۡحَىَّ   مِنَ الۡمَيِّتِ   وَمُخۡرِجُ

اور گٹھلی کو   وہ نکالتا ہے   زندہ کو   مردہ سے   اور نکالنے والا ہے

اور گٹھلی کو پھاڑنے والا ہے وہ زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور

الۡمَيِّتِ   مِنَ الۡحَىِّ ؕ   ذٰلِكُمُ   اللّٰهُ   فَاَنّٰى

مُردہ کو   زندہ سے   وہی ہے   اللہ تعالیٰ   پھر کدھر

وہی مردہ کو زندہ سے نکالنے والا ہے وہی اللہ تعالیٰ ہے، پھر تم کدھر کو

تُؤۡفَكُوۡنَ ﴿۹۵﴾   فَالِقُ   الۡاِصۡبَاحِ ۚ   وَجَعَلَ   الَّيۡلَ

تم بہکائے جاتے ہو   پھاڑ نکالنے والا ہے   صبح کا   اور اس نے بنایا   رات کو

بہکائے جاتے ہو؟ (95) وہ صبح کو پھاڑ نکالنے والا ہے اور اس نے رات کو

سَكَنًا   وَّالشَّمۡسَ   وَالۡقَمَرَ   حُسۡبَانًا ؕ   ذٰلِكَ   تَقۡدِيۡرُ

سکون کا باعث   اور سورج کو   اور چاند کو   حساب کا ذریعہ   یہ   اندازہ ہے

سکون کا باعث بنایا اور سورج اور چاند کو حساب کا ذریعہ بنایا ہے، یہ

الۡعَزِيۡزِ   الۡعَلِيۡمِ ﴿۹۶﴾   وَهُوَ   الَّذِىۡ   جَعَلَ   لَـكُمُ

سب پر غالب   سب کچھ جاننے والے کا   اور وہی   جس نے   بنایا   تمہارے لیے

سب پر غالب، سب کچھ جاننے والے کا اندازہ ہے۔ (96) اور وہی ذات ہے جس نے تمہارے لیے

النُّجُوۡمَ   لِتَهۡتَدُوۡا   بِهَا   فِىۡ ظُلُمٰتِ   الۡبَرِّ   وَالۡبَحۡرِ ؕ

تاروں کو   تا کہ تم راستہ معلوم کرو   ساتھ اُن کے   تاریکیوں میں   خشکی کی   اور سمندر کی

تاروں کو بنایا تا کہ تم ان سے خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راستہ معلوم کرو

قَدۡ   فَصَّلۡنَا   الۡاٰيٰتِ   لِقَوۡمٍ   يَّعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۷﴾   وَهُوَ

یقیناً   کھول کر بیان کردیئے ہیں ہم نے   دلائل   ان لوگوں کے لیے   وہ علم رکھتے ہیں   اور وہی ہے

یقیناً ہم نے دلائل کھول کر بیان کردیئے ہیں ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں۔ (97) اور وہی ہے

الَّذِیٓ اَنۡشَاَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسۡتَقَرٌّ

جس نے | پیدا کیا اس نے تمھیں | جان سے | ایک ہی | پھر ایک قرار گاہ ہے

جس نے تمھیں ایک ہی جان سے پیدا کیا پس ایک قرار گاہ ہے

وَّمُسۡتَوۡدَعٌ ؕ قَدۡ فَصَّلۡنَا الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ

اور ایک سونپے جانے کی جگہ | یقیناً | کھول کر بیان کردیں ہم نے | نشانیاں | ان لوگوں کے لیے

اور ایک سونپے جانے کی جگہ ہے یقیناً ہم نے نشانیاں کھول کر بیان کردی ہیں ان لوگوں کے لیے

یَّفۡقَهُوۡنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِیٓ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

وہ سمجھتے ہیں | اور وہی ہے | جس نے | نازل کیا اس نے | آسمان سے | پانی

جو سمجھتے ہیں۔(98) اور وہی ذات ہے جس نے آسمان سے پانی نازل کیا

فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیۡءٍ فَاَخۡرَجۡنَا مِنۡهُ

سو اگائیں ہم نے | ساتھ اُس کے | نباتات | ہر قسم کی | تو نکالی ہم نے | اُس سے

سو ہم نے اس سے ہر قسم کی نباتات اُگائیں، تو ہم نے اُس سے

خَضِرًا نُّخۡرِجُ مِنۡهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخۡلِ

سبز کھیتی | ہم نکالتے ہیں | جس سے | دانے | تہ بہ تہ | اور کھجور کے درختوں سے

سبز کھیتی نکالی جس سے ہم تہ بہ تہ دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے درختوں سے

مِنۡ طَلۡعِهَا قِنۡوَانٌ دَانِیَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنۡ اَعۡنَابٍ

اس کے گابھوں سے | خوشے | جھکے ہوئے | اور باغات ہیں | انگوروں میں سے

اس کے گابھوں سے جُھکے ہوئے خوشے ہیں اور انگور

وَّالزَّیۡتُوۡنَ وَالرُّمَّانَ مُشۡتَبِهًا وَّغَیۡرَ مُتَشَابِهٍ ؕ

اور زیتون کے | اور انار کے | ملتے جلتے | اور نہ | ملنے جلنے والے

اور زیتون اور انار کے باغات ہیں آپس میں ملتے جلتے اور نہ ملنے جلنے والے،

اُنْظُرُوْٓا | اِلٰى ثَمَرِهٖٓ | اِذَآ | اَثْمَرَ | وَيَنْعِهٖ ط

تم دیکھو | طرف اُس کے پھل کی | جب | وہ پھل لائے | اور پک کر تیار ہو وہ

اس کے پھل کو دیکھو جب وہ پھل لائے اور جب وہ پکتا ہے

اِنَّ | فِيْ ذٰلِكُمْ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٩٩﴾

بلاشبہ | اس میں | یقیناً نشانیاں ہیں | قوم کے لیے | وہ ایمان لاتے ہیں

بلاشبہ ان چیزوں میں یقیناً نشانیاں ہیں اُن کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔(99)

وَجَعَلُوْا | لِلّٰهِ | شُرَكَآءَ | الْجِنَّ | وَخَلَقَهُمْ

اور انہوں نے قرار دیا ہے | اللہ تعالیٰ کے لیے | شریک | جنوں کو | حالانکہ اُس نے پیدا کیا اُن کو

اور ان لوگوں نے جنوں کو اللہ تعالیٰ کا شریک قرار دیا ہے حالانکہ اُس نے اُن کو پیدا کیا

وَخَرَقُوْا | لَهٗ | بَنِيْنَ | وَبَنٰتٍۢ | بِغَيْرِ عِلْمٍ ط | سُبْحٰنَهٗ

اور انہوں نے تراشے ہیں | اُس کے لیے | بیٹے | اور بیٹیاں | کچھ جانے بغیر | پاک ہے وہ

اور انہوں نے کچھ جانے بغیر اُس کے بیٹے اور بیٹیاں تراش رکھی ہیں، وہ پاک ہے

وَتَعٰلٰى | عَمَّا | يَصِفُوْنَ ﴿١٠٠﴾ ع | بَدِيْعُ | السَّمٰوٰتِ ع ١٢ ١٨

اور بے حد بلند ہے | اُس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | موجد ہے | آسمانوں کا

اور بے حد بلند ہے اُس سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔(100) آسمانوں

وَالْاَرْضِ ط | اَنّٰى | يَكُوْنُ | لَهٗ | وَلَدٌ | وَّلَمْ

اور زمین کا | کیسے | ہوسکتا ہے | اُس کے لیے | کوئی بیٹا | حالانکہ نہیں

اور زمین کا وہی موجد ہے، اس کی کوئی اولاد کیسے ہوسکتی ہے جب کہ

تَكُنْ | لَّهٗ | صَاحِبَةٌ ط | وَخَلَقَ | كُلَّ شَيْءٍ ج | وَهُوَ

ہے | اُس کے لیے | کوئی بیوی | اور اُس نے پیدا کیا | ہر چیز کو | اور وہی

اس کی کوئی بیوی نہیں! اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہی

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٠١﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ

ہر چیز کا | خوب علم رکھنے والا ہے | یہ ہے | اللہ تعالیٰ | رب تمہارا | نہیں

ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے۔(101) یہ اللہ ہے جو تمہارا رب ہے،

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ

کوئی معبود | مگر | وہ | خالق ہے | ہر چیز کا | چنانچہ تم عبادت کرو اُس کی

اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ہر چیز کا خالق ہے، چنانچہ تم اسی ایک کی عبادت کرو،

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿١٠٢﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫

اور وہ | اوپر ہر چیز کے | نگہبان ہے | نہیں | پاسکتیں اُس کو | نگاہیں

اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔(102) نگاہیں اس کو نہیں پاسکتیں

وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٠٣﴾

اور وہی | وہ پالیتا ہے | سب نگاہوں کو | اور وہ | نہایت باریک بین ہے | پوری خبر رکھنے والا ہے

اور وہ سب نگاہوں کو پالیتا ہے اور وہ نہایت باریک بین، پوری خبر رکھنے والا ہے۔(103)

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ

یقیناً | آگئیں تمہارے پاس | بصیرت افروز دلیلیں | تمہارے رب کی طرف سے | تو جس نے | دکھالیا

یقیناً تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے بصیرت افروز دلیلیں آگئی ہیں، چنانچہ جو بینائی سے کام لے گا

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا

تو اس کے اپنے نفس کے لیے ہے | اور جو | اندھا رہا | تو اُس پر ہے | اور نہیں ہوں | میں

تو وہ اس کے اپنے نفس کے لیے ہے اور جو اندھا رہا تو وہ بھی اُسی پر ہے اور میں

عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿١٠٤﴾ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ

تم پر | کوئی محافظ | اور اسی طرح | ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں | آیات

تم پر کوئی محافظ نہیں ہوں۔(104) اور اسی طرح ہم اپنی آیات کو پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں

وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿١٠٥﴾

اور تاکہ وہ کہیں   تم نے پڑھ رکھا ہے   اور تاکہ ہم واضح کریں اُس کو   لوگوں کے لیے   (جو) علم رکھتے ہیں

اور تاکہ وہ کہیں کہ تم نے پڑھ رکھا ہے اور تاکہ ہم اسے ان لوگوں کے لیے واضح کر دیں جو علم رکھتے ہیں۔(105)

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ

آپ پیچھا کریں   اُس کا جو   وحی کی جارہی ہے   طرف آپ کی   آپ کے رب کی طرف سے   نہیں

آپ اسی کا پیچھا کریں جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر وحی کی جارہی ہے،

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٦﴾

کوئی معبود   مگر   وہ   اور آپ کنارہ کشی اختیار کریں   مشرکوں سے

اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ مشرکوں سے کنارہ کشی اختیار کریں۔(106)

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ

اور اگر   چاہتا   اللہ تعالیٰ   نہ وہ شرک کرتے   اور نہیں   بنایا ہم نے آپ کو

اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وہ لوگ شرک نہ کرتے اور ہم نے آپ کو

عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿١٠٧﴾

اُن پر   نگہبان   اور نہیں ہیں   آپ   اُوپر اُن کے   کوئی نگہبان

ان پر نگہبان نہیں بنایا اور نہ ہی آپ اُن پر کوئی نگہبان ہیں۔(107)

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا

اور نہ   تم بُرا بھلا کہو   جنہیں   وہ پکارتے ہیں   سوائے اللہ تعالیٰ کے   پس وہ بُرا بھلا کہیں گے

اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا جن کو پکارتے ہیں اُنہیں بُرا بھلا نہ کہو

اللّٰهَ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا

اللہ تعالیٰ کو   حد سے گزر کر   بغیر علم کے   اسی طرح   خوشنما بنا دیا ہم نے

کہ وہ بھی بغیر علم کے حد سے گزر کر اللہ تعالیٰ کو بُرا بھلا کہیں گے اسی طرح

لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ

ہر گروہ کے لیے | عمل اُن کا | پھر | طرف اپنے رب کی | پلٹنا ہے ان کا | تو وہ بتا دے گا اُنہیں

ہم نے ہر گروہ کے لئے اس کا عمل خوش نما بنا دیا ہے، پھر انہیں اپنے رب کی طرف ہی پلٹنا ہے تو وہ اُنہیں بتا دے گا

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

ساتھ اس کے جو | تھے وہ | عمل کیا کرتے | اور انہوں نے قسمیں کھائیں | اللہ تعالیٰ کی | پختہ

جو وہ عمل کیا کرتے تھے۔(108) اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کے نام کی پختہ قسمیں کھائیں

اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ

قسمیں اپنی | البتہ اگر | آئے گی اُن کے پاس | کوئی نشانی | تو وہ ضرور بہ ضرور ایمان لائیں گے

کہ اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئے گی تو وہ ضرور بہ ضرور اس پر ایمان لائیں گے آپ کہہ دیں یقیناً

بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ

اُس پر | آپ کہہ دیں | یقیناً | نشانیاں | اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں | اور کیا | خبر ہے تمہیں

نشانیاں تو اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں اور تمہیں کیا خبر کہ جب

اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ وَنُقَلِّبُ

بے شک وہ | جب | آجائیں گی | نہیں | وہ ایمان لائیں گے | اور ہم پھیر دیں گے

نشانیاں آجائیں گی تب بھی وہ ایمان نہیں لائیں گے۔(109) اور ہم ان کے دلوں کو

اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ

اُن کے دلوں کو | اور اُن کی آنکھوں کو | جیسے | نہیں | وہ ایمان لائے تھے | اس پر

اور ان کی نگاہوں کو پھیر دیں گے جیسے

اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِیْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ ع

پہلی | بار | اور ہم چھوڑ دیں گے اُنہیں | اپنی سرکشی میں | بھٹکتے رہیں گے

پہلی بار وہ اس پر ایمان نہیں لائے تھے اور ہم انہیں چھوڑ دیں گے وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں گے۔(110)

ع ۱۳ ۱۰ ۱۹